# Santa Coloma کو
# مہذب شہر بنانے کیلئے
# آسان گائیڈ

Ajuntament
de Santa Coloma
de Gramenet

A Santa Coloma,
el civisme és vida!



# Santa Coloma کو مہذب شہر بنانے کیلئے آسان گائیڈ

آسان الفاظ میں مرتب: لائیاآبید ال (ایسو سی ایشن Lectura Fàcil)
تصاویر اور ڈیزائن: مارتی فررير
ایڈیشن: 2022

اس دستاویز کی سمجھ کو آسان بنانے کے لئے اس میں استعمال شُدہ الفاظ، مضامین اور قاعدوں کو IFLA (انٹر نیشنل فیڈریشن آف لائبریری ایسو سی ایشنز اور انسٹی ٹیوشنز) اور 'اِنکلوسیو یورپ' کے بین الاقوامی قواعد کے مطابق لکھا گیا ہے۔

LF کی لوگو سرٹیفیکیشن کا ثبوت ہے۔

سرٹیفیکیشن برائے ایسو سی ایشن Lectura Fàcil (www.lecturafacil.net)



## ہم سانتا کولوما (Santa Coloma) سے محبت اور اسکا احترام کرتے ہیں: مہذب رویے سے اپنےاور ہمارے مشترکہ شہر کے بارے میں اچھا تاثر دیں!

تہذیب ہم آہنگی کی ایک اہم بنیاد ہے اور ان بنیادی اقدار میں سے ایک ہے جس پر ہم وہ سانتا کولوما (Santa Coloma) بناتے ہیں جیسے ہم سب چاہتے ہیں۔ مہذب برتاؤ یعنی لوگوں اور ہمارے مشترکہ عوامی مقامات کے لئے احترام کا اظہار، صرف ایک فرض نہیں بلکہ ہماری شہر سے محبت اور لگاؤ کی علامت ہے۔

ہم سب کو سانتا کولوما (Santa Coloma) کو ایک بہتر، زیادہ آرام دہ، محفوظ اور ذمہ دار شہر بنانے میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔ یہ ہم اپنے روزمرہ کے چھوٹے اور آسان اعمال کے ذریعے کر سکتے ہیں، مثلاً: کچرے کو صحیح طریقے سے ٹھکانے لگانا، اپنے پالتو جانوروں کی ذمہ داری سے دیکھ بھال کرنا، پرانے فرنیچر اور سامان کو عوامی جگہوں پر نہ چھوڑنا، اور ہمسایوں کے آرام کے اوقات کا احترام کرنا۔ یہ سب عادات ہمارے کردار کی عکاسی کرتی ہیں اور یقیناً ایک ایسا سانتا کولوما (Santa Coloma) بنانے میں مددگار ہیں، جس پر ہم سب فخر کر سکیں!

شہری منصوبہ، (Pla de Civisme) کے تحت، جو شہریوں، تنظیموں، اور ایسوسی ایشنز کی شراکت سے تیار کیا گیا ہے، ہم نے مختلف اقدامات اور تدابیر کا نفاذ کیا ہے تاکہ سانتا کولوما (Santa Coloma) کے رہائشی اپنی روزمرہ زندگی میں ان چھوٹے اقدامات کو شامل کرنے کی اہمیت کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ اور شہری منصوبہ، کے ایک قدم کے طور پر، ہم نے یہ 'آسان گائیڈ برائے ایک مہذب سانتا کولوما' شائع کی ہے۔ اس گائیڈ کا مقصد ہر کسی کو معلومات، مشورے، اور مفید سفارشات فراہم کرنا ہے تاکہ ہم سب اپنے شہر سے لطف اندوز ہو سکیں اور اس کی دیکھ بھال کر سکیں۔

یہ گائیڈ ہمیں ایک بار پھر یاد دلاتی ہے کہ ہمیں، سانتا کولوما (Santa Coloma) کے شہری ہونے کے ناطے، ایک دوسرے کے پڑوسی ہونے کے ناطے، مہذب رویہ اور اچھے تعلقات پر عمل کرنا چاہیے ۔ یہ رویہ ہمارے قریبی ماحول کی بہتری، ماحولیاتی تحفظ، اور ہماری مجموعی خوشحالی پر براہ راست مثبت اثرات ڈال سکتا ہے۔

اسی طرح، یہ گائیڈ، بلدیاتی عمل درآمد کا منصوبہ (Pla d'Acció Municipal) کا حصہ ہے اور اقوام متحدہ کے طے کردہ پائیدار ترقی کے اہداف (ODS) اور ایجنڈا 2030 کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ ان مقاصد کے ساتھ، بحیثیت ایک بلدیہ، ہم مکمل پُرعزم ہیں۔ ہم سب مل کر ایک ایسے سانتا کولوما (Santa Coloma) کی تعمیر میں پیش رفت کر رہے ہیں جہاں ہم بہتر زندگی گزار سکیں اور ہم آہنگی سے رہ سکیں!

یہ بات اہم ہے کہ اس اشاعت میں شامل اقدامات اور سفارشات بلدیاتی ضوابط کے تحت مرتب کی گئی ہیں، اور ان قواعد کی خلاف ورزی یا غیر مہذب رویہ اختیار کرنا جرمانے کا سبب بن سکتا ہے۔ اس لیے، اس گائیڈ کا مقصد معلومات فراہم کرنا، یاددہانی کرانا اور دوسروں کے ساتھ ساتھ اپنے رہائشی مقام کے بارے میں احترام اور اچھے رویوں کو اپنانے کی اہمیت کو مضبوط بنانا ہے، جو کہ ہم سب کا فرض اور ذمہ داری ہے۔

ہمیں اپنے شہر کے نعرے کو یاد رکھنا اور اس پر عمل کرنا چاہیے: ہمیں سانتا کولوما (Santa Coloma) سے محبت ہے: آپ کے اعمال آپ کے ترجمان ہیں! آپ سانتا کولوما (Santa Coloma) میں مہذب رویہ سے اچھا تاثر دیں!

**میریا گونزالیث سائث Mireia González Sáez**

**سانتا کولوما دے گرامینیت Santa Coloma de Gramenet کی میئر**

# فہرستِ عنوانات


— مجھے بلدیہ میں کوئی کام یا کارروائی کرانی ہے
کیسے کرا سکتا / سکتی ہوں؟ 8-9

— میں پڑوسیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنا چاہتا / چاہتی ہوں
مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ 10-11

— گھر میں تعمیراتی کام کرانا چاہتا / چاہتی ہوں
کونسی کارروائیاں درکار ہیں؟ 14-15

— میرا ایک کاروبار ہے
احترام کے ساتھ کاروبار چلانے اور
نیا کاروبار کھولنے کا کیا طریقہ کار ہے؟ 16-17

— مجھے صاف شہر میں رہنا پسند ہے
اس کی بہتری میں کیسے حصہ لے سکتا / سکتی ہوں؟ 20-21

— فضول اشیاء، فرنیچر، کباڑ اور خاص طریقے سے ریسائیکل ہونے والی
فضولیات کو کہاں لے جایا جا سکتا ہے؟ 24-25

— مجھے شہر میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ہے... 26-27

— اگر میں نے کہیں پیدل جانا ہے،
تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟ 28

— اگر میں نے کہیں سائیکل پر جانا ہے،
تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟ 29

— اگر میں نے کہیں اسکوٹر پر جانا ہے،
تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟ 30

— اگر میں نے کہیں گاڑی یا موٹر سائیکل پر جانا ہے،
تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟ 31

— آپ کا پالتو جانور آپ کا بہت اچھا دوست ہے
میں اپنے پالتو جانور کے ساتھ ساتھ اپنے شہر کا بھی
کیسے خیال رکھ سکتا / سکتی ہوں؟ 34-35

— مجھے میرے شہر کے گرین زونز بہت پسند ہیں
ان کا خیال اور انہیں برقرار کیسے رکھا جا سکتا ہے؟ 38-39

— پارک 'Parc Fluvial del Besòs' میں: 40

— پارک 'Parc de la Serralada de Marina' میں: 40

— کارآمد معلومات 42-44

# مجھے بلدیہ میں کوئی کام یا کارروائی کرانی ہے

## کیسے کرا سکتا / سکتی ہوں؟



اگر آپ نے کوئی کارروائی کرانی ہے، دستاویزات پیش کرنے ہیں، کوئی شکایت درج کرانی ہے یا بلدیہ سے رابطہ کرنا ہے تو مندرجہ ذیل ذرائع استعمال کر سکتے ہیں:

—بلدیہ Santa Coloma de Gramenet

پتہ: Plaça de la Vila, 1

ٹیلیفون: 934 624 000

—آن لائن دفتر

گھر سے نکلے بغیر بلدیہ میں مختلف کارروائیاں کرانے کے لئے اور بلدیاتی خدمات اور وسائل کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے۔

کچھ کارروائیوں کے لئے ڈیجیٹل سرٹیفیکیٹ درکار ہے۔

—شہریوں کی خدمت اور معلومات کے لئے دفتر (OIAC)

پتہ: Plaça de la Vila, 1

ٹیلیفون: 934 624 040 – 934 624 032

ای میل: oiac@gramenet.cat

**بیشتر کارروائیوں کے لئے اپوائنٹمنٹ درکار ہے:**

انٹرنیٹ پر

ٹیلیفون پر: 934 624 090

—شہریوں کا رجسٹر

رجسٹر ہوں اور آپ کو بلدیہ کے مختلف ایکشنز میں حصہ لینے کے بارے میں معلومات بھیجیں گے۔

—شکایات اور تجاویز پیش کرنے کا پروگرام

اگر آپ کوئی شکایت یا تجویز پیش کرنا چاہتے ہیں تو

ویب پیج پر فارم پُر کریں۔

شہر کو بہتر بنانے میں ہمارا ساتھ دیں!

# میں پڑوسیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنا چاہتا/چاہتی ہوں





# مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

—— پڑوسیوں کے آرام کے اوقات کا احترام کریں، خصوصاًرات 10 بجے سے صبح 8 بجے کے دوران۔

—— ناگوار رویّات سے پرہیز کریں۔ مثال کے طور پر، پانی سے تر کپڑے لٹکانا یا بے وقت پودوں کو پانی دینا۔

—— مشترکہ استعمال کی جگھوں کو صاف رکھیں۔
مثال کے طور پر، ان جگھوں کی صفائی اور دیکھ بھال کے لئے آپس میں تعاون کریں۔
اپنے پالتوں جانوروں کا بھی دھیان رکھیں۔

—— بچوں اور بزرگوں کا خاص خیال رکھیں۔

—— نئے پڑوسیوں کی آؤ بھگت اور استقبال کریں۔

—— عمارت کے پڑوسیوں کی ایسوسی ایشن میں بھرپور حصہ لیں اور کسی بھی مسٔلے کے بارے میں صدر کو آگاہ کریں۔ مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کیئے جاسکتے ہیں اور مزید مسائل سے بچ سکتے ہیں۔

—— عمارت کے کسی بھی مسٔلے کے حل کے لئے آپس میں تعاون کریں۔ مہذب طور پر مل جل کر رہنے اور مشترکہ جگھوں کے استعمال کے لئے شائستہ افعال کی ایک دستاویز بھی بناسکتے ہیں۔

’پڑوسیوں کی ایسوسی ایشنز کے لئے مدد اور ثالثی کی بلدیاتی ٹیم‘ امن سے مل جل کر رہنے کے لئے قواعد مرتب کرنے میں آپ کی مدد کرسکتی ہے۔



## مزید معلومات:

رہائشی عمارات کا قانون اور دیگر کارآمد دستاویزات

ہم آہنگی، کمیونٹی کی ترقی اور مہذب شہرداری کی سروس:
serveideconvivencia@gramenet.cat



# گھر میں تعمیراتی کام کرانا چاہتا / چاہتی ہوں

## کونسی کارروائیاں درکار ہیں؟

تعمیراتی کام کے مطابق بلدیہ سے اجازت لینی ہوگی:

— اگر چھوٹا تعمیراتی کام ہے
(مثال کے طور پر، لفٹ یا کرین لگانے یا درخت کاٹنے کا کام...)

— اگر بڑا تعمیراتی کام ہے
(بڑے کام جیسے نئی عمارات کی تعمیر)

اگر سڑک پر مشینیں، ملبے کے بورے یا کوئی اور تعمیراتی سامان رکھنا ہے تو اجازت کی درخواست کرنے ہوگی۔

پارکنگ میں داخل ہونے کا راستہ (گوال) یا پارکنگ کے لئے جگہ بُک کروانے کے لئے گوال کے قواعد جانیں۔

تعمیراتی کام کے نتیجے میں پیدا ہونے والے ملبے، مٹی یا کسی دوسری قسم کے مواد کو مخصوص بوروں یا کنٹینرز میں ڈالنا لازمی ہے۔
تعمیراتی کام کے اختتام کے بعد انہیں ہٹانا آپ کی ذمہداری ہے۔



# میرا ایک کاروبار ہے

**پڑوسیوں کا احترام کرنے کے لئے:**

— مال لادنے اور اُتارنے کے اوقات کی پابندی کریں۔

— عمارت کی بیرونی دیواروں پر اشتہار وغیرہ لگانے کے قواعد پر عمل کریں۔

— کوڑے وغیرہ کو درست طریقے سے ریسائیکل کریں۔

— اپنے کاروبار میں ترتیب اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

صفائی سے متعلق بلدیاتی قواعد ہیں۔

**ان قواعد کی ناپابندی سے مالی جرمانہ ہو سکتا ہے۔**



# احترام کے ساتھ کاروبار چلانے اور نیا کاروبار کھولنے کا کیا طریقہ کار ہے؟

کریانہ کا کاروبار یا ریستوران کھولنے کے لئے کونسی کارروائیاں درکار ہیں؟

**1. بلدیہ کو اطلاع کریں،**

شہریوں کی خدمت اور معلومات کے لئے دفتر (OIAC) پر۔

**2. لائسنس اپلائی کریں**

— 120 میٹر سے کم سطح کے کاروباروں کے لئے لائسنس۔
— 120 میٹر سے زائد سطح کے کاروباروں کے لئے لائسنس۔
— پہلے سے موجود کاروباروں کی منتقلی کا لائسنس۔


**3. مندرجہ ذیل قواعد کی پابندی:**

— تجارتی اوقات
— چھوٹا تعمیراتی کام
— بڑا تعمیراتی کام

’علاقائی سروسس کے دفاتر‘ میں بذات خود جاکر، شہر کے تجارتی استعمالات کو ریگولیشن پلان چیک کریں۔

پتہ: Plaça Olimpo 3

اوقات: صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک



## مزید معلومات:

’جینیرالیتات کا کاروباروں کے لئے کانال امپریسا‘

کاروباروں کی صفائی سے متعلق درکار شرائط

# مجھے صاف شہر
# میں رہنا پسند ہے



# اس کی بہتری میں کیسے حصہ لے سکتا/سکتی ہوں؟

— کوڑادان استعمال کریں، **لیکن کوڑے کرکٹ کے تھیلے مناسب کنٹینر میں پھینکیں۔**

— کوڑے کو قسم کے مطابق الگ کریں اور مناسب کنٹینر میں پھینکیں۔
نیلا کنٹینر: کاغذ اور گتے کے لئے ہے۔
سبز کنٹینر: شیشے کے لئے ہے۔
پیلا کنٹینر: پلاسٹک یا دھات کے ڈبوں کے لئے ہے۔
بھورا کنٹینر: نامیاتی مواد کے لئے ہے۔
سرمئی کنٹینر: ناقابل ریسائیکل مواد کے لئے ہے۔
یاد رکھیئے گا کہ شہر میں سیل، بیٹریوں، ادویات اور کپڑوں کے لئے مخصوص کنٹینرز، کوکنگ تیل کلکٹ کرنے کے پوائنٹس اور گرین پوائنٹس موجود ہیں۔

— گٹر کوئی کوڑا گاہ نہیں ہیں:
جو چیز ہم گٹر میں پھینکتیں ہیں وہ سیدھی سمندر میں جاتی ہے۔

— پُرانا فرنیچر اور کباٹ پھینکنے کے قواعد کی پابندی کریں۔
(فرنیچر، گدے، گھریلو برقی آلات...)
**بغیر لاگت آپ کے گھر سے بھی لے جاسکتے ہیں۔**
933 857 312 پر کال کیجیئے۔
یا کباڑ گاہ میں بھی خود لے جاسکتے ہیں۔
قواعد کی ناپابندی کرنے پر مالی جرمانہ ہو سکتا ہے۔

— شہر میں لگے فرنیچر اور عمارتوں کی بیرونی دیواروں کا احترام کریں:
اشتہارات چپکانا اور گرافیٹی بنانا منع ہے۔

— گلی یا راہِ عام میں قالین، میز پوش، کپڑوں وغیرہ کی دھول مت چھانٹیں۔

— بیرونی پودوں کو گلی کو گیلا کیئے بغیر پانی دیں، رات 11 بجے سے صبح 7 بجے کے دوران۔

— اپنے حصے کی گلی، عمارت کے اندرونی صحن، گیلری، پارکنگ اور عمارت کا داخلہ وغیرہ صاف رکھیں۔

— اگر آپ کی گاڑی مزید نہیں چلتی تو اسپیشل کمپنی کو کال کریں تاکہ گاڑی کو گلی سے ہٹا سکے۔

— اگر گاڑی کے ساتھ رُکے ہیں تو انجن کو بند کریں۔



# فضول اشیاء، فرنیچر، کباڑ اور خاص طریقے سے ریسائیکل ہونے والی فضولیات کو کہاں لے جایا جاسکتا ہے؟

**فرنیچر کلکشن**

بغیر لاگت آپ کے گھر سے بھی لے جاسکتے ہیں۔
933 857 312 پر کال کیجیے۔

**قواعد کی ناپابندی کرنے پر مالی جرمانہ ہو سکتا ہے۔**

**گرین پوائنٹس**

فضول اشیاء کلکٹ کرنے کے لئے چھوٹے سنٹرز ہیں (یہاں آپ کوکنگ تیل، پرنٹنگ ٹونرز اور کارتوس، چھوٹے گھریلو برقی آلات وغیرہ لا سکتے ہیں)۔

ہمارے شہر میں 2 سنٹرز ہیں:

1. Can Calvet کا گرین پوائنٹ
Tallers فاؤنڈیشن
پتہ: Carrer Almogàvers (بے نمبر)

2. Raval کا گرین پوائینٹ
Pins پارک
پتہ: Carrer dels Pirineus (بے نمبر)

**کباڑ گاہ**

Carretera de la Roca, BV-5001, km 6
ٹیلیفون: 649 485 931

جمعے کے دن 'موبائل کباڑ گاہ' شہر کی گلیوں سے گزرتا ہے۔
ویب پیج پر اسکے اوقات اور اسٹاپ دیکھ سکتے ہیں۔



# مجھے شہر میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ہے...

یاد رکھیئے کہ پیدل، سائیکل پر اور پبلک ٹرانسپورٹ پر شہر میں ایک سے دوسری جگہ جانا سب سے صحت بخش اور ماحول کے لئے بہتیرین طریقے ہیں-



## اگر میں نے کہیں سائیکل پر جانا ہے، تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟

— اشاروں اور ٹریفک سگنلز کا احترام کریں۔
قواعد کے مطابق سائیکل پر گردش کریں۔
— سائیکلوں کے لئے بنی مخصوص پٹریاں استعمال کریں۔
اگر ممکن نہیں تو سڑک کی کنارے والی پٹری استعمال کریں۔
— ہیڈ فونز مت استعمال کریں اور فون کال کا جواب نہ دیں۔

اپنے ارد گرد کی ہر چیز پر دھیان دیں۔
— اپنی تمام حرکتوں کا (دائیں بائیں مڑتے وقت) پہلے سے اشارہ دیں۔
— اندھیرا ہونے کی صورت میں لائٹ اور چمکیلے عناصر استعمال کریں۔
— اگر 16 سال سے عمر کم ہے تو ہیلمٹ استعمال کریں۔
— سائیکلوں کے لئے بنی مخصوص جگہ پر سائیکل پارک کریں۔
— اگر ناگواری کا سبب نہیں تو شہری فرنیچر کے ساتھ بھی باندھ سکتے ہیں۔


**یاد رکھیئے کہ...**
شراب پی کر یا ڈرگز لے کر سائیکل پر گردش کرنا قانونی طور پر منع ہے۔

## اگر میں نے کہیں پیدل جانا ہے، تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟

— اشاروں اور ترجیحات کا احترام کریں،
خصوصاً ٹریفک سگنل کراس کرتے وقت۔

مندرجہ ذیل معلومات دیکھیں:
— **Metrominuto**: یہ ایک نقشہ ہے جس کے ذریعے آپ شہر کی اہم جگھوں پر پہنچنے کے لئے درکار فاصلہ اور وقت جان سکتے ہیں۔
— **اسکولی راستے**: یہ راستوں کا نیٹ ورک ہے تا کہ بچے ان راستوں کے ذریعے اسکول جائیں۔

**یاد رکھیئے کہ...**
راہگیروں کے لئے مخصوص علاقوں، حلقوں، محلوں اور رہائشی گلیوں (یونک پلیٹ فارم) میں راہگیروں کو گزرتے وقت گاڑیوں پر ترجیح حاصل ہے۔



## اگر میں نے کہیں گاڑی یا موٹر سائیکل پر جانا ہے، تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟

- عام اشاروں کا، راہگیروں کے لئے مخصوص علاقوں کا اور خصوصاً رفتار کی حدود کا احترام کریں۔
- راہگیروں اور سائیکلوں کے لئے مخصوص علاقوں میں اور جہاں انہیں ترجیح حاصل ہے
  (جیسے یونک پلیٹ فارم کا رہائشی علاقہ، راہگیروں کے لئے مخصوص محلے وغیرہ)
  وہاں ان کی ترجیح کا احترام کریں۔
- اپنی گاڑی کا شور کم کریں: مثلاً انجن کا، لاؤڈ اسپیکرز کا، سائرن کا، ریس یا بریک دینے کا...
- سائیکل سوار، راہگیروں اور اسکوٹر (پاتی نے تے) سوار وغیرہ کا احترام کریں۔
  حفاظتی فاصلہ برقرار رکھیں۔
- بچوں کو اسکول لے جانے کے لئے اسکولی راستے استعمال کریں۔
  یاد رکھیئے کہ ہمارے شہر میں اسکولی راستے ہیں جن کے ذریعے بچے خود اور محفوظ
  طریقے سے اسکول جا سکتے ہیں۔
- اگر آپ کی گاڑی مزید نہیں چلتی تو اسے ہٹانا کے لئے اسپیشل کمپنی کو کال کریں یا مقامی پولیس سے رابطہ کریں۔
- اگر گاڑی رُکی ہے تو انجن بند کریں۔
- گاڑی کے لئے بنی مخصوص جگہوں پر اور قواعد کے مطابق گاڑی پارک کریں۔
- معذور افراد کے لئے بنی مخصوص پارکنگز کا احترام کریں۔

## اگر میں نے کہیں اسکوٹر پر جانا ہے، تو کونسا مہذب طریقہ ہے؟

- اکیلے سواری کریں۔
- راہگیروں کے گزرنے کی جگہوں کو مت استعمال کریں۔
- حفاظتی طور پر، جب بھی ممکن ہو، سائیکل کی پٹری استعمال کریں۔
- اشاروں اور ٹریفک سگنلز کا احترام کریں۔
- ہیڈ فونز اور موبائل فون استعمال کیئے بغیر گردش کریں۔
- ہیلمٹ کا استعمال بہتر رہے گا۔
- اسکوٹر (پاتی نے تے) 25 کلو میٹر فی گھنٹہ رفتار عبور نہیں کر سکتا۔
- رات کو لائٹ آن رکھیں اور چمکیلے عناصر پہنیں۔
- اپنی تمام حرکتوں کا (دائیں بائیں مڑتے وقت) پہلے سے اشارہ دیں۔
- اسکوٹر (پاتی نے تے) استعمال کرنے کے لئے 16 سال سے زائد عمر درکار ہے۔

**یاد رکھیئے کہ...**

شراب پی کر یا ڈرگز لے کر اسکوٹر (پاتی نے تے) پر گردش کرنا قانونی طور پر منع ہے۔

— سڑک کے کنارے پلیٹ فارم پر آپ اپنی موٹر سائیکل / اسکوٹر تب پارک کرسکتے ہیں جب پلیٹ فارم کی چوڑائی 4 میٹر سے زائد ہو گی اور پارکنگ کی جگہ سے لے کر عمارت کے داخلے تک 3 میٹر کا فاصلہ ہو گا اور راہگیر آسانی سے گزر سکیں گیں۔

**پولیس آپ کی گاڑی یا موٹر سائیکل وغیرہ لے جاسکتی ہے اگر:**

— آلارم بج رہا ہے جس کی وجہ سے پڑوسی تنگ ہو رہے ہیں۔
— غلط جگہ پر پارک ہے۔
— پبلک جگہ پر ایک ماہ سے زیادہ عرصے تک کھڑی ہے یا خراب حالت میں ہے (ٹائر پینچر ہیں، شیشے ٹوٹے ہیں...)
— انشورنس نہیں ہے۔

**یاد رکھیئے کہ...**

شراب پی کر یا ڈرگز لے کر گاڑی چلانا قانونی طور پر منع ہے۔



## 32-33

## مزید معلومات:

**بلدیاتی پارکنگز کے اوقات**

**بلُوزون**

### بلدیاتی کرین

پتہ: Carrer del President Companys, 41-43


ٹیلیفون: 93 466 13 42

### مقامی پولیس کا سنٹرل تھانہ

پتہ: Carrer de Sant Jordi, 40

ٹیلیفون: 93 462 40 10

آپ کا پالتو جانور
آپ کا بہت اچھا
دوست ہے



# میں اپنے پالتو جانور کے ساتھ ساتھ اپنے شہر کا بھی کیسے خیال رکھ سکتا / سکتی ہوں؟


— پالتو جانور کو بلدیہ کی جانور شماری کی فہرست میں درج کروائیں۔
— اسے شناختی چپ پہنا کر رکھیں اور تمام درکار ویکسینز لگوائیں۔
— اس کے فضلے کو لفافے سے اُٹھائیں اور پیشاب پر پانی ڈالیں۔
— اسے گھر پر نہلائیں اور برش کریں۔
— گلی میں جاتے وقت ہمیشہ رسی سے باندھ کر رکھیں۔
— کوشش کریں کہ شور مت کرے، خصوصاًرات 10 بجے سے صبح 8 بجے کے دوران۔

قواعد کی ناپابندی سے مالی جرمانہ ہو سکتا ہے۔


## مزید معلومات:

### پالتو جانوروں کی جانور شماری کی فہرست:

شہریوں کی خدمت اور معلومات کے لئے دفتر (OIAC) خود جاکر رجسٹر کرائیں۔
اپوائنٹمنٹ لینا لازم ہے۔
پتہ: Plaça de la Vila, 1
ٹیلیفون: 934624032–934624040



# مجھے میرے شہر کے
# گرین زونز
# بہت پسند ہیں



# ان کا خیال اور انہیں برقرار کیسے رکھا جا سکتا ہے؟

شہر کے تمام باغ نمازونز کا احترام کریں اور اُن کی دیکھ بھال کریں۔

**پارک ’Parc Fluvial del Besòs‘ میں:**

اگر پارک کی حدود میں سائیکل پر جا رہے ہیں تو:

— راہگیروں کو حاصل ترجیح کا احترام ہے۔

— رفتار 20 کلومیٹر فی گھنٹہ سے کم رکھیں۔

اگر پالتو جانور آپ کے ساتھ ہے تو:

— اس کے فضلے کو لفافے سے اٹھائیں۔

— اسے رسی سے باندھیں اور دریا میں مت اترنے دیں۔

یاد رکھیئے کہ...
یہ نہانے کی جگہ نہیں ہے۔

**پارک ’Parc de la Serralada de Marina‘ میں:**

— جن راستوں پر نشان لگائے گئے ہیں اُن راستوں پر چلیں۔

— کوڑا کرکٹ گھر پہنچ کر پھینکیں یا کوڑے کے لئے مخصوص جگہ پر۔

— مخصوص جگھوں سے باہر آگ جلانا یا باربا کیو کرنا منع ہے۔

— اُن تمام چیزوں سے احتیاط سے کام لیں جن کے باعث آگ آسانی سے بھڑک سکتی ہے، جیسے سگریٹ، انجن والی گاڑی یا فضولیات اور کوڑا پھینکتے وقت۔



## مزید معلومات:

پارک ’Parc Fluvial del Besòs‘

پارک ’Parc de la Serralada de Marina‘



# کارآمد معلومات

**— شہریوں کی خدمت اور معلومات کے لئے دفتر(OIAC)**

Plaça de la Vila, 1

ٹیلیفون:934 624 040 – 934 624 032

ای میل:oiac@gramenet.cat

**— صارفین کے لئے معلوماتی بلدیاتی دفتر(OMIC)**

(بے نمبر)Plaça d’en Vilaseca

ٹیلیفون:934 624 090

ای میل:omic@gramenet.cat

**— خواتین کے لئے معلوماتی اور وسائلی مرکز(CIRD)**

پتہ:La CIBA – Passeig de Llorenç Serra, 64

ٹیلیفون:934 661 411 – 690 879 615

ای میل:cird@gramenet.cat

**— سماجی خدمت کی ٹیم(EBAS)**

مفلسی کے خطرے میں مبتلا افراد اور فیملیوں کے لئے ابتدائی خدمت۔

شہر میں مختلف سروسز دستیاب ہیں۔

ویب پیج پر اپنے نزدیک کی سروس ڈھونڈ سکتے ہیں۔

**— اسکولی تعلیم سے منسوب بلدیاتی دفتر(OME)**

Rambla de Sant Sebastià, 98-100

ٹیلیفون:934 624 058

ای میل:escolaritzacio@gramenet.cat

**— ہم آہنگی، کمیونٹی کی ترقی اور مہذب شہر داری کی سروس**

**پڑوسیوں کی ایسوسی ایشنز کے لئے مدد اور ثالثی کی بلدیاتی ٹیم**

پڑوسیوں کے مابین تنازعات حل کرنے میں تعاون۔

Fondoسیوک سنٹر–Carrer Wagner, 19

ٹیلیفون:93 392 27 14

ای میل:equipmediadors@gramenet.cat

**غیر ملکی افراد کے لئے معلومات اور مشاورت(CIAPE)**

نو آمد افراد کے لئے خدمت و امداد

Pinsسیوک سنٹر:Carrer dels Pirineus, 2

ٹیلیفون:934 663 940

ای میل:ciape@gramenet.cat

**مہذب شہر داری کے فروغ کے لئے ایجنٹس کی ٹیم**

مہذب شہر داری کا فروغ اور معلومات

ای میل:santacolomacivica@gramenet.cat

**— شبی سیوک ایجنٹس(serenos)**

اگر رات کے وقت آپکو کسی قسم کی مدد کی ضرورت ہے۔

آپکو گھر تک بھی چھوڑ سکتے ہیں۔

اوقات:رات 11:30 بجے سے صبح 6:30 بجے تک

(ہر روز سوائے 18 اکتوبر)

ٹیلیفون:674 213 777

## – یوتھ سنٹر Mas Fonollar
پتہ: Carrer de Sant Jeroni, 1-3
ٹیلیفون: 93 385 55 01
ای میل: masfonollar@gramenet.cat

## – سیوک سنٹرز کا نیٹ ورک
یہ بلدیاتی پبلک سہولیات ہیں جہاں مختلف شہری اور ایسوسی ایشنز اپنی سرگرمیاں سرانجام دے سکتے ہیں۔
ہمارے شہر میں 14 سیوک سنٹرز موجود ہیں۔
ویب پیج پر ہر سیوک سنٹر اور وہاں سرانجام دی جانے والی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات پا سکتے ہیں۔

## — ایسوسی ایشنز کے لئے مشاورت کا دفتر (OAE)
ٹیلیفون: 649 384 344
ای میل: oficinaentitats@gramenet.cat

## — رضاکاروں کا مرکز
بلدیہ Santa Coloma de Gramenet
پتہ: Plaça de la Vila (بے نمبر)
ٹیلیفون: 934 624 079 (ext 4079) – 646 058 979
ای میل: puntvoluntariat@gramenet.cat
فیس بک: @punt.delvoluntariat

## — پبلک ہیلتھ
پتہ: Carrer de Rafael de Casanovas, 85, 3r
ٹیلیفون: 934 624 000
ای میل: salutpublica@gramenet.cat

## — Santa Coloma de Gramenet کی مقامی پولیس
پتہ: Carrer de Sant Jordi, 40
ٹیلیفون: 934 62 40 10

## — رہائشی امور کا مقامی دفتر (OLH)
شہریوں کی رہائشی ضروریات کے متعلق مدد کرتا ہے اور اس کے باوجود انرجی کی سہولیات سے مرحوم فیملیوں کی مدد کا مرکز بھی ہے۔
پتہ: Plaça José Cámara de la Hoz (بے نمبر)
ٹیلیفون: 933 924 745
ای میل: informacio@gramepark.cat

## — Grameimpuls
پتہ: Carrer de Rafael de Casanovas, 40
ٹیلیفون: 934 661 565
ای میل: informacio@grameimpuls.cat

## — پبلک لائبریریوں (کتب خانوں) کا نیٹ ورک
ہمارے شہر میں چار کتب خانے دستیاب ہیں
(Central, Can Peixauet, Fondo, Singuerlín)
ویب پیج پر پتے اور اوقات کی معلومات دستیاب ہے۔

# Santa Coloma کو مہذب شہر بنانے کیلئے آسان گائیڈ

Ajuntament de Santa Coloma de Gramenet

A Santa Coloma, el civisme és vida!

معاون ادارے:

AMB Desenvolupament Social i Econòmic

Diputació Barcelona

یہ گائیڈ دوسری مندرجہ ذیل زبانوں میں بھی دستیاب ہے

— ہسپانوی
— کاتالان
— انگریزی
— عربی
— چائنیز